


# 12 لینا اور دینا




کناری بازار میں موتی بیچتی ہے۔ وہ 10 موتیوں کے ہار بنا کر بیچتی ہے۔اور کھلے ہوئے موتی بھی بیچتی ہے۔

رضیہ کو 12 موتی چاہیے۔ کناری نے اس کو ایک ہار اور دو موتی دے دیے۔

اب آپ بتائیے کہ نیچے دیے گئے ناموں والے بچوں نے کتنے ہار اور موتی خریدے۔


| | موتی | 10 موتیوں کے ہار | کھلے ہوئے موتی |
|---|---|---|---|
| رضیہ | 12 |  |  |
| ریما | 17 | | |
| عارف | 24 | | |
| سونو | 35 | | |
| سیمار | 31 | | |




بچوں کو اس بات کے لیے اُکسائیے کہ وہ مختلف چیزوں جیسے موتی ماچس کی تیلیاں بٹن، وغیرہ کے 10 کے گروپ بنائیں۔ اس طرح کے حقیقی تجربات سے ان کی سمجھ کی نشو ونما ہوگی۔




© NCERT not to be republished
2019-20


رضیہ
ریما
اوں۔۔۔رضیہ کے پاس ایک ہار اور دو موتی ہیں۔ ریما کے پاس ایک ہار اور سات موتی ہیں۔



بالکل ٹھیک!! تم اسے اس طرح بھی لکھ سکتی ہو۔

| | |
|---|---|
| 1 | 2 |
| + 1 | 7 |
| | |


پہلے ہم کھلے ہوئے موتی گن لیں اور ان کو جوڑ دیں۔

| | |
|---|---|
| 1 | 2 |
| + 1 | 7 |
| | 9 |


یہ کھلے ہوئے 9 موتی ہیں ان کو میں اس باکس میں لکھ دیتی ہوں۔




| | | |
|---|---|---|
| | 1 | 2 |
| + | 1 | 7 |
| | 2 | 9 |







© NCERT
not to be republished

## مشق کا وقت

* رضیہ اور سونو نے کل کتنے موتی لیے؟





| | | |
|---|---|---|
| | 1 | 2 |
| + | 3 | 5 |
| | | |


رضیہ اور سونو نے کل ________ موتی لیے۔


## ایک فالتو ہار

ریما اور عارف کے ذریعہ لیے گئے موتی۔




| | | |
|---|---|---|
| | 1 | 7 |
| + | 2 | 4 |
| | | |









| | | |
|---|---|---|
| | 1 | 7 |
| + | 2 | 4 |
| | | |




| | | |
|---|---|---|
| | $\overset{1}{1}$ | 7 |
| + | 2 | 4 |
| | | |

© NCERT not to be republished




| | | |
|---|---|---|
| | [1] 1 | 7 |
| + | 2 | 4 |
| | | 1 |




| | | |
|---|---|---|
| | [1] 1 | 7 |
| + | 2 | 4 |
| | 4 | 1 |



میں اسے ایک دوسرے طریقے سے
بہت تیزی سے کر سکتی ہوں۔ آسان ہے! اگر عارف
ریما کو 3 موتی دے دے تو ریما کے پاس 20 موتی
ہو جائیں گے۔ اور عارف کے پاس 21 موتی
بچیں گے۔ اس لیے 41=20+21



کیا آپ اس کو کسی اور طریقہ سے کر سکتے ہیں؟

**لکھ کر جوڑئیے . اور بنا لکھے بھی.**

ان کے پاس کل ملا کر کتنے موتی ہیں؟

A)

| | ہار | موتی |
|---|---|---|
| ریما | 1 | 7 |
| + سونو | 3 | 5 |
| | | |

کل موتی ____________

B)

| | ہار | موتی |
|---|---|---|
| عارف | 2 | 4 |
| + رضیہ | 1 | 2 |
| | | |

کل موتی ____________

اور کتنے زیادہ موتی؟

A)

| | ہار | موتی |
|---|---|---|
| سونو | 3 | 5 |
| – عارف | 2 | 4 |
| | | |

سونو کے پاس عارف سے ______ موتی زیادہ ہیں۔


B)

| | ہار | موتی |
|---|---|---|
| عارف | 2 | 4 |
| – رضیہ | 1 | 2 |
| | | |

عارف کے پاس رضیہ سے ____ موتی زیادہ ہیں۔


© NCERT not to be republished

C) سیمار کے پاس ریما سے کتنے زیادہ موتی ہیں؟




| | | |
|---|---|---|
| | 3 | 1 |
| − | 1 | 7 |
| | | |










| | | |
|---|---|---|
| | ~~3~~ 2 | 1 1 |
| − | 1 | 7 |
| | | |




© NCERT not to be republished




| | ہار | موتی |
|---|---|---|
| | 2 ~~3~~ | 1 1 |
| − | 1 | 7 |
| | | 4 |




| | ہار | موتی |
|---|---|---|
| | 2 ~~3~~ | 1 1 |
| − | 1 | 7 |
| | 1 | 4 |





© NCERT not to be republished

## مشق کا وقت: اس کو اپنے دماغ میں بھی کیجیے۔

* تنیشا کے پاس 17 پنسلیں ہیں۔ سیما کے پاس 25 پنسلیں ہیں۔ کل ملا کر کتنی پنسلیں ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| تنیشا | 1 | 7 |
| سیما + | 2 | 5 |
| | | |




* مونیزا کے کلاس میں 13 کہانی کی کتابیں انگریزی میں اور 22 کہانی کی کتابیں ہندی میں ہیں۔ کل ملا کر کتنی کہانی کی کتابیں ہوئیں؟

| | | |
|---|---|---|
| | 1 | 3 |
| + | 2 | 2 |
| | | |

* ساکشی کے پاس 23 پھل تھے۔ اس نے 15 پھل کھا لیے۔ کتنے پھل باقی بچے۔

| | | |
|---|---|---|
| | 2 | 3 |
| − | 1 | 5 |
| | | |

* دلجیت کے پاس 35 ماربل ہیں۔ اروِند کے پاس 25 ماربل ہیں۔ ان کے پاس کل ملا کر کتنے ماربل ہیں؟


| | | |
|---|---|---|
| | 3 | 5 |
| + | 2 | 5 |
| | | |

* نیشا کے پاس 32 چوڑیاں ہیں۔ سُکھی کے پاس 16 چوڑیاں ہیں۔ نیشا کے پاس کتنی چوڑیاں زیادہ ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| | 3 | 2 |
| − | 1 | 6 |
| | | |

© NCERT not to be republished

# وینکاٹیشا کی کینٹین



بل بنانے میں وینکاٹیشا کی مدد کیجیے

| | روپے |
|---|---|
| ڈوسہ | 23 |
| اتھاپسم | 28 |
| کل | |

| | روپے |
|---|---|
| اڈلی | 15 |
| کوفی | 8 |
| کل | |

| | روپے |
|---|---|
| دہی بڑا | 25 |
| چلی چاول | 18 |
| کل | |

| | روپے |
|---|---|
| سوپ | 27 |
| نُوڈلس | 15 |
| کل | |

اس سبق میں مختلف مثالوں کی مدد سے جمع اور تفریق کا لوگارتھم (طریقہ) سکھایا گیا ہے۔ حالانکہ، زور اس بات پر دیا جانا چاہیے کہ صرف لوگارتھم سیکھنے سے ہی بچوں کی ان اعمال کے لیے تفہیم نہیں ہو پاتی ہے اس کے لیے ضروری ہے کہ عبارتی سوالات دیے جائیں۔ اور بچوں کو اس بات کا بڑھاوا دیں کہ وہ ان کو حل کرنے کے متبادل طریقے ڈھونڈ لیں۔

## اب خریداری کا وقت ہے!






| | | |
|---|---|---|
| | 1 | 6 |
| + | 1 | 5 |
| | | |

| | | |
|---|---|---|
| | $\overset{1}{1}$ | 6 |
| + | 1 | 5 |
| | | 1 |

| | | |
|---|---|---|
| | $\overset{1}{1}$ | 6 |
| + | 1 | 5 |
| | 3 | 1 |








بچوں کو ان کے اپنے پیسے خود بنانے دیجیے جن سے وہ کھیل سکیں۔ ان کو مختلف کھیلوں کے دوران سوالات دیجیے تا کہ وہ آسان حساب سیکھ سکیں۔



2019-20

## مشق کا وقت

* شیکھر کے پاس 32 روپے ہیں۔ اس نے 17 روپے کی ایک بال خریدی۔ اس کے پاس کتنے پیسے باقی بچے۔





| | | |
|---|---|---|
| | 3 | 2 |
| – | 1 | 7 |
| | | |

* سونی نے 24 روپے کے بسکٹ خریدے اور 16 روپے کا ایک چپس کا پیکٹ خریدا۔ اس کو کتنے پیسے دینے ہوں گے؟




| | | |
|---|---|---|
| | 2 | 4 |
| + | 1 | 6 |
| | | |

* فنطوش کے پاس 64 روپے تھے۔ اس نے نمائش میں 39 روپے خرچ کر دیے۔ اب اس کے پاس کتنے روپے باقی بچے؟




| | | |
|---|---|---|
| | 6 | 4 |
| – | 3 | 9 |
| | | |

© NCERT not to be republished